
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : آمنہ محمود خان

چھٹی جماعت کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کتاب روکسابوکسن پڑھتے وقت جہاں بچوں کو پڑھائی میں مزہ آئے گا وہیں بڑوں کی اپنے بچپن کی یادیں تازہ ہو جائیں گی۔ اس طرح کی کہانیاں ایک طرف سادہ تحریر کی وجہ سے دلچسپ اور پڑھنے میں آسان ہوتی ہیں دوسری طرف ذہن کو creativity کی طرف لے جاتی ہیں۔ چند پتھروں' ڈبوں اور لکڑیوں کی مدد سے طرح طرح کے نئے کھیل کھیلنا بچوں کے لئے مشکل نہیں' خاص کر ایسے ماحول میں جب کہ سہولیات محدود تھیں۔ آج کل کے دور میں جہاں کمپیوٹر گیم اور دوسری تفریحات بڑھ گئی ہیں' ایسے کھیل جو اس کہانی کے بچے کھیلتے تھے ختم ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ کتاب کلاس 6 کے بچوں کے معیار کو ذہن میں رکھ کر لکھی گئی ہے۔ کلاس کے معیار کو دیکھتے ہوئے ٹیچر پڑھانے کے طریقے میں ردوبدل کر سکتی ہیں۔

## سیشن 1

### بات چیت اور پڑھائی

10 منٹ

- ٹیچر کلاس میں آنے کے بعد تمام بچوں سے ہلکے پھلکے انداز میں پوچھیں کہ وہ تفریح کے لئے کیا کرتے ہیں؟ کس قسم کے کھیل کھیلتے ہیں؟ کون سے بچے فارغ وقت میں بور ہوتے رہتے ہیں؟ بچوں کو ٹیچر یہ بھی بتائیں کہ خود وہ جب چھوٹی تھیں تو کیا کھیلتی تھیں۔ ٹیچر بچوں کو اپنے بچپن میں کھیلے ہوئے کھیلوں کے ساتھ ساتھ کھیلنے کے طریقے بھی بتائیں۔ پھر آج کل کے کھیلوں اور پرانے زمانے کے کھیلوں کا موازنہ بھی کریں۔ انہیں بتائیں کہ وقت کے ساتھ ساتھ کھیل کود کے طریقے بدل گئے ہیں۔ پہلے زمانے کے بچے اور بچیاں پوری دوپہر اسکول اسکول' گھر گھر اور گڑیاں کھیل کر گزار لیتے تھے مگر آج کل بہت سے گھروں میں کمپیوٹر گیمز نے ان کی جگہ لے لی ہے۔ اس قسم کی اور مثالیں بھی دیں۔ (مثلاً کارٹون دیکھنا' ویڈیو فلمیں دیکھنا وغیرہ وغیرہ۔)

اس بات چیت کے بعد بچوں کو بتائیں کہ creative ذہن نت نئی باتیں سوچتا اور عمل کرواتا ہے۔ جو کتاب ہم پڑھنے جا رہے ہیں وہ اس بات کی دلیل ہے۔ انہیں بتائیں کہ یہ کتاب انگریزی کتاب کا ترجمہ ہے۔ اس کو لکھنے والی امریکن رائٹر ایلس میک لرن (Alice McLerran) کی دادی ایری زونا (Arizona) امریکہ میں رہتی تھیں جہاں بچپن میں یہ کھیل کھیلتی تھیں۔

10 منٹ

- اب ٹیچر بچوں میں کتابیں تقسیم کریں اور ایک مرتبہ پوری کتاب الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ

پڑھیں۔ بچے ساتھ ساتھ پڑھتے جائیں اور تصویریں دیکھتے جائیں۔

10 منٹ • اب کچھ بچوں سے کتاب کی پڑھائی کر وائیں۔ پہلے دو ایسے بچوں سے پڑھائی کر وائیں جن کی اردو بہتر ہو۔ پھر نسبتاً کمزور بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ اگر بچوں کو پڑھنے میں دشواری ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔

## انگریزی ترجمہ

15 منٹ • ٹیچر بورڈ پر کچھ الفاظ لکھیں۔ بچے کوپی میں الفاظ اتار کر ان الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

چٹان (rock)، نرالی (unique)، قطار (line)، سکے (coin)، ٹولی (group)، اعتراض (objection) اضافہ (increase)، زمرد (emerald)، تھانہ (police station)، ہیرے (diamond)، محفوظ (safe) یاقوت (ruby)، گھمسان (intense)، سپہ سالار (commandant in chief)، قلعہ (fort)، جاڑا (winter)۔

اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں سے ان الفاظ کے زبانی جملے بنوائیں۔

## گھر کا کام

• گھر سے کہانی پڑھ کر آئیں۔ سب بچے ایک ایک اسکریپ بک کا بھی انتظام کر لیں۔ (چھٹے سیشن میں اس حوالے سے کام ہوگا)۔

# سیشن 2

## پڑھائی اور زبانی سوال جواب

15 منٹ • گزشتہ سیشن میں جن بچوں نے سبق کی پڑھائی نہیں کی تھی ٹیچر آج ان میں سے چند بچوں سے پڑھائی کروائیں اور تمام بچوں سے کہیں کہ اگر سبق میں دیئے گئے کچھ الفاظ کے معنی انہیں معلوم نہیں ہیں تو پوچھیں۔ بچوں کو الفاظ کے معنی پوچھنے کے لئے وقت دیں۔

• پڑھائی کے بعد بچوں سے سوال جواب کریں۔ یہ کام زبانی کر وائیں۔مثلاً

یہ کہانی کس چیز کے بارے میں ہے۔
روکسا بوکسن کیا ہے؟
اس کا یہ نام کیوں پڑا؟ (یہ جگہ پتھر (rocks) اور لکڑی کے کریٹ (boxes) رکھ کر بنائی ہوئی تھی اس لئے اس کا نام روکسابوکسن تھا۔ یہاں بچے اپنے کھیل کود کے وقت میں آ کر جمع ہوتے اور طرح طرح کے مختلف کھیل ایجاد کرتے۔)
آج کل اس طرح کی outdoor activity کم کیوں ہو گئی ہیں؟

## تحریری سوال جواب

30 منٹ

- زبانی بات چیت کے بعد مندرجہ ذیل سوالات ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپیوں میں جواب لکھیں۔

روکسابوکسن پہنچنے کا کیا راستہ تھا؟
روکسابوکسن بظاہر دیکھنے میں کیسا تھا؟
اسے سب سے پہلے کس نے دریافت کیا تھا؟
روکسابوکسن میں سب سے بڑا عہدہ کس کا تھا؟
روکسابوکسن میں کھیلنے والے بچوں کے نام کیا تھے؟
روکسابوکسن میں چھپے خزانے میں بچوں کو کیا ملا تھا؟
عارفہ کے گھر میں کون سے قیمتی پتھر جڑے تھے؟
عائشہ اور طارق نے کس چیز کی دکان کھولی تھی؟
کس چیز کی مدد سے شہر کا نقشہ بنایا گیا؟
کیا چیز میز کرسی بنائی گئی اور کیا چیز برتن بنائے گئے تھے؟
سبق سے لئے گئے اس طرح کے سوالات کروانے سے ٹیچر کو اندازہ ہو جائے گا کہ بچے کہانی کو کتنا سمجھے ہیں۔

## گھر کا کام

- اگر کام مکمل نہ ہو پائے تو بچے گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## سیشن 3

10 منٹ
- کچھ بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ ٹیچر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ (اردو میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے حوصلہ شکنی کے بجائے حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے)۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کہانی روکسابوکسن پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ اس کمیونٹی میں رہنے والے بچے مل جل کر کھیلتے تھے۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا وجہ تھی کہ یہ بچے مل جل کر کھیلتے تھے۔ (وہ آپس میں دوست تھے) ٹیچر بچوں کے جواب سن کر اپنا جواب بتا کر دوستی کے فائدے بتائیں۔ بچوں کو بھی بولنے کا موقع دیں۔

25 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ کم از کم دو ایسے پسندیدہ کھیلوں کے نام لکھیں جو وہ اپنے محلے میں یا دوستوں کے ساتھ مل جل کر کھیلتے ہیں۔ کھیل کے نام کے آگے ان بچوں کے نام لکھیں جو اس کھیل کو ان کے ساتھ کھیلتے ہیں۔ یہ بھی لکھیں کہ یہ کھیل ان کا پسندیدہ کیوں ہے؟ اس کو کھیلنے کے کیا قانون ہیں؟ اسکورنگ کس طرح ہوتی ہے؟ بچے یہ کام اپنی کوپی میں کریں۔

### گھر کا کام

- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ کل وہ کوشش کریں کہ ان کھیلوں کی تصویریں تلاش کریں اور اپنی کوپی میں تحریر کے ساتھ چپکا دیں۔ املے کی تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 4

### مشاہدہ اور لکھائی

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اب تک انہوں نے کتاب روکسابوکسن کئی مرتبہ پڑھ لی ہے۔ اب بتائیں کہ ان کے خیال میں کہانی روکسابوکسن لکھنے کا کیا مقصد ہے؟

جب بچے جواب دے چکیں تو انہیں بتائیں اکثر لکھنے والوں کے ذہن میں کچھ یادیں جمع ہوتی ہیں جنہیں وہ دوسروں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ مگر ہر تحریر سے ہمیشہ کچھ نہ کچھ سیکھا بھی جا سکتا ہے۔ مثلاً

کیا آپ بتا سکتے ہیں روکسابوکسن پڑھ کر آپ نے کیا سیکھا۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے جواب کوپیوں میں لکھیں۔ (دوستی رکھنا' محدود وسائل کے اندر creativity تلاش کرنا۔ imagination کا استعمال)۔

**املا**

25 منٹ
- آج سبق میں سے کم از کم 20 الفاظ کا املا لیں۔ بعد میں بچے آپس میں کوپیاں بدل کر ایک دوسرے کے کام کو چیک کریں۔ ٹیچر صحیح الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ایک دوسرے کو 20 میں سے نمبر دیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ چونکہ ''روکسا بوکسن'' میں رائٹر نے پرانا زمانہ پیش کیا ہے اس لئے اگلے سیشن کے لئے سب بچے اپنے اپنے بزرگوں (دادا' دادی یا نانا' نانی) کو کہانی سنائیں۔ بعد میں پوچھیں کہ وہ پہلے کیا کرتے تھے؟ کہاں رہتے تھے؟ ان کے باپ دادا کس قسم کی نوکری یا تجارت کرتے تھے۔
- بچے اپنے بزرگ کی ایک تصویر لائیں اور پوائنٹس لکھ کر لائیں۔ دوسرے دن کلاس میں اس موضوع پر کام ہوگا۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس حوالے سے مزید تصویریں بھی جمع کریں۔ تصویریں بزرگوں کی' ان کے گھروں کی' ان کے پسندیدہ کھانوں کی' کپڑوں کی' پسندیدہ گائک کی' فلم ایکٹر وغیرہ کی ہو سکتی ہیں۔ اس سارے کام کو کرنے کے لئے ہر بچہ ایک ایک اسکریپ بک بھی بنائے تاکہ اس میں تصویریں لگائی جائیں۔ ٹیچر یہ ساری ہدایات بورڈ پر لکھ دیں۔

# سیشن 5

## تخلیقی لکھائی

35 منٹ
- آج بچے اپنے بزرگوں کی بتائی ہوئی باتوں کے حوالے سے پوائنٹس لکھ کر لائے ہوں گے۔ اس کام کو زیادہ دلچسپ بنانے کے لئے ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اسکریپ بک کے صفحے کے اوپر اپنے بزرگ کا نام لکھیں۔ پھر وہ باتیں پوائنٹس کی شکل میں اسکریپ بک کے اندر لکھیں جو گھر سے لکھ کر لائے ہیں۔ ساتھ ساتھ ان کی پرانی تصویر بھی کور پر لگائیں۔

بچے اس جگہ کی تصویریں بھی لگائیں۔ جہاں بزرگ پہلے رہتے تھے۔
ان کھیلوں کے نام لکھیں جو وہ کھیلتے تھے۔
اس سواری کا نام لکھیں جو وہ استعمال کرتے تھے۔ (سواری کی تصویر بنائیں یا فوٹو لگائیں)۔
کپڑے کیسے پہنتے تھے؟ (تصویر بنائیں یا فوٹو لگائیں)۔
اسکول کیسا تھا؟ (اصل فوٹوگراف یا تصویر بنائیں)۔
پسندیدہ مضمون کیا تھا؟
اس زمانے میں کون سے گانے مشہور تھے؟
ان کا پسندیدہ گانا کون سا تھا؟
پسندیدہ ایکٹر اور ایکٹریس کون سے تھے؟ (ان کی بھی تصویریں لگائیں)۔
یہ کام ایک دن میں مکمل نہیں ہو سکتا۔ بچوں کو دو سے تین دن کا وقت دیں تاکہ تصویریں تلاش کریں اور اسکریپ بک میں لگائیں۔

10 منٹ

- بعد میں کلاس میں بچوں اور ٹیچر کے درمیان بات چیت ہو کہ وہ اپنی اس اسکریپ بک کو کس طرح زیادہ بہتر بنا سکتے ہیں۔ ٹیچر تمام بچوں میں کسی دو بچوں کو چن کر ان سے کہیں کہ وہ کل اپنے کسی ایسے بزرگ کو کلاس میں مدعو کریں جو بچوں کو پرانے زمانے کے واقعات بتا سکیں۔

### ہوم ورک

- بچے گھر پر سوالات تیار کریں جو وہ ان بزرگوں سے پوچھنا چاہیں گے۔

## سیشن 6

### سرگرمی

45 منٹ

- آج کلاس میں بزرگ مدعو کئے گئے ہیں۔ پہلے ٹیچر ان کا تعارف بچوں سے کروائیں۔ پھر باری باری بچے کھڑے ہو کر اپنا الگ الگ تعارف کروائیں۔ بعد میں بچے اپنے تیار کئے ہوئے سوالات ان سے

پوچھیں۔ ایسے موقع پر کلاس میں نظم و ضبط قائم رہنا ضروری ہے۔ بزرگ اپنے بچپن کی باتیں بھی بچوں کو بتائیں مثلاً گھر کیسے ہوتے تھے؟ گھر میں ٹی وی نہیں تھا تو شام کیسے گزارتے تھے؟ وغیرہ وغیرہ۔

## سیشن 7

10 منٹ

• آج کم از کم چھ بچوں سے ایک مرتبہ پھر پڑھائی کر وائیں۔ وہ بچے پڑھائی ضرور کریں جنہوں نے پہلے اس کہانی کو نہیں پڑھا ہے۔

### قواعد پر کام

15 منٹ

• اب ٹیچر بورڈ پر چند الفاظ لکھیں۔ بچے ان الفاظ کو کوپی میں اتاریں اور ان کی ضد لکھیں۔ ٹیچر کی سہولت کے لئے چند الفاظ اور ان کی ضد دی جا رہی ہے۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| گرمی | سردی | چھپا | ظاہر |
| تیز | آہستہ | خوبصورت | بدشکل |
| سزا | جزا | پرانے | نئے |
| محفوظ | غیر محفوظ | چکنے | کھردرے |

### خلاصہ

20 منٹ

• کہانی روکسا بوکسن کو بچے مختصراً اپنے الفاظ میں لکھیں۔ یہ ضرور لکھیں کہ کہانی میں کس بچے نے کیا پیشہ اختیار کیا تھا۔ آخر میں یہ بھی لکھیں کہ آپ اگر وہاں ہوتے تو کون سا پیشہ اختیار کرتے اور یہ بھی لکھیں کہ کیوں؟

### گھر کا کام

• اگر یہ کام کلاس میں مکمل نہ ہو پائے تو بچے گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

# روکسا بوکسن

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale